اس کتاب کی ایک اہم خصوصیت جس سے پہلے کی تمام کتب خالی ہیں، یہ ہے کہ اس میں ایک جامع گوشوارہ دیا گیا ہے جس میں ہر اسم کے متعلق اہم معلومات ایک ہی جگہ جمع کردی گئی ہیں، یہ ایک اہم جدول ہے اور آج کل کی زبان میں یہ User Friendly گوشوارہ ہے، یہ اس کتاب کا اختصار (Condenstation) بھی ہے۔

بلا مبالغہ اردو میں اس موضوع پر یہ پہلی جامع کتاب ہے، جو مؤلف کی تقریباً تین سالوں کی لگن اور جستجو کا نتیجہ ہے، جس کے لئے انہیں تقریباً دوسو کتابوں کی ورق گردانی کرنا پڑی۔ غرض مؤلف نے اس کتاب میں تقریباً ان تمام محدثین، محققین اور اہل علم حضرات کے کام کو یک جا کردیا ہے جنہوں نے اسماء حسنیٰ پر تحقیقی کام کیا ہے، جس پر وہ اہل علم اور عام مسلمانوں کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں۔

یہ کتاب خوب صورت ٹائٹل، اعلیٰ کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ چھپی ہے، سیٹنگ میں سلیقہ مندی کا بھی خوب خیال رکھا گیا ہے۔ البتہ اگلے ایڈیشن میں پروف ریڈنگ کسی ماہر وجید عالم سے کروائی جائے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ حج: مؤلف: مفتی محمد ارشاد القاسمی، ناشر: زمزم پبلشرز کراچی، صفحات: ۷۵۰، سائز: ۱۶/۳۰×۲۰، قیمت: ۴۰۰ روپے۔

اسلام کے بنیادی ارکان میں سے حج ایک ایسی عبادت ہے جو بدنی ومالی دونوں جہتوں کو جامع ہے، پھر چونکہ عمر بھر میں اس کی ادائیگی صرف ایک مرتبہ لازم ہوتی ہے، اور وہ بھی صرف صاحب استطاعت شخص پر، اس لئے اس کے مناسک ومسائل دیگر عبادات کی بنسبت عموماً مشکل ہوتے ہیں، خصوصاً عوام الناس کے لئے، کہ ان کی معلومات اس باب میں بالکل نہ ہونے کے برابر ہیں، چنانچہ یہی وجہ ہے کہ حضرات علماء نے اپنے اپنے طور پر ان مسائل کو آسان انداز میں امت کے سامنے پیش کرنے کی کوششیں کی ہیں اور اب تک اس موضوع پر سینکڑوں کتب مختلف زبانوں میں شائع ہوچکی ہیں، زیر نظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک عمدہ کاوش ہے جس میں مؤلف نے انتہائی تفصیل سے احادیث وآثار کی روشنی میں مناسک حج کو بیان کیا ہے، بعض مسائل پر سیر حاصل کلام بھی کیا گیا ہے اور انہیں مستقل عنوان کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ عورتوں سے متعلق مخصوص مسائل کو بھی علیحدہ عنوان کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ اس موضوع پر اس سے جامع ومفصل کتاب اردو میں ہماری نظر سے نہیں گزری، اسے اگر "مسائل حج کا انسائیکلوپیڈیا" کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ البتہ ادعیہ اذکار پر مشتمل عربی عبارات پر اعراب کہیں بھی نہیں لگایا گیا۔ جس کی وجہ سے عوام اس کتاب سے خاطر خواہ استفادہ نہیں کرسکیں گے۔ عوام کی دینی ضرورت کے لئے لکھی جانے والی اس طرح کی کتب میں ان امور کا اہتمام از حد ضروری ہے، ثواب کے گناہ کا اندیشہ ہے۔ نیز کتاب میں مذکور بعض احادیث میں کلام کی گنجائش ہے، اس لئے بغیر تحقیق کے ان سے استناد مناسب نہیں۔

یہ کتاب مضبوط جلد بندی اور بہترین ٹائٹل کے ساتھ مناسب کاغذ میں چھپی ہے، سیٹنگ میں سلیقہ مندی کا بھی اہتمام کیا گیا ہے، البتہ پروف ریڈنگ کی غلطیاں جا بجا موجود ہیں۔